آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر

# نظامت خوراک

ڈی -151 سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی

☆☆☆☆

## ٹینڈر نوٹس:

محکمہ خوراک آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کو مالی سال 21-2020ء کے دوران بذیل اسٹیشن ہا پر گندم کی ڈھلائی کے لئے از پاسکو/پنجاب کے بتفصیل ذیل زون ھاء اور بیس گودام اسلام آباد سے اندرون آزاد کشمیر فلور ملز ھاء کے لئے محکمہ کے رجسٹرڈ ٹھیکیداران جنہوں نے مالی سال 21-2020 کیلئے تجدید کروائی ہے' سے مطبوعہ فارموں پر انراخ مطلوب ہیں:-

| نمبر شمار | از مقام | تا مقامات |
|---|---|---|
| 1 | پاسکو زون حافظ آباد | بیس گودام اسلام آباد، یونائیٹڈ کشمیر فلور ملز روات، (بیس گودام میر پور/ منگلا فلور ملز میر پور/ نیو فائن فلور ملز میر پور) ،صدیقی فلور ملز جاتلاں، پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال۔ |
| 2 | پاسکو زون ٹوبہ ٹیک سنگھ | بیس گودام اسلام آباد، یونائیٹڈ کشمیر فلور ملز روات، (بیس گودام میر پور/ منگلا فلور ملز میر پور/ نیو فائن فلور ملز میر پور) ،صدیقی فلور ملز جاتلاں، پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال۔ |
| 3 | پاسکو زون پاک پتن/ساہیوال | بیس گودام اسلام آباد، یونائیٹڈ کشمیر فلور ملز روات، (بیس گودام میر پور/ منگلا فلور ملز میر پور/ نیو فائن فلور ملز میر پور) ،صدیقی فلور ملز جاتلاں، پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال۔ |
| 4 | پاسکو زون لئیہ | بیس گودام اسلام آباد، یونائیٹڈ کشمیر فلور ملز روات، (بیس گودام میر پور/ منگلا فلور ملز میر پور/ نیو فائن فلور ملز میر پور) ،صدیقی فلور ملز جاتلاں، پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال۔ |
| 5 | پاسکو زون خانیوال | بیس گودام اسلام آباد، یونائیٹڈ کشمیر فلور ملز روات، (بیس گودام میر پور/ منگلا فلور ملز میر پور/ نیو فائن فلور ملز میر پور) ،صدیقی فلور ملز جاتلاں، پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال۔ |
| 6 | پاسکو زون اوکاڑہ | بیس گودام اسلام آباد، یونائیٹڈ کشمیر فلور ملز روات، (بیس گودام میر پور/ منگلا فلور ملز میر پور/ نیو فائن فلور ملز میر پور) ،صدیقی فلور ملز جاتلاں، پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال۔ |
| 7 | پاسکو زون وہاڑی | بیس گودام اسلام آباد، یونائیٹڈ کشمیر فلور ملز روات، (بیس گودام میر پور/ منگلا فلور ملز میر پور/ نیو فائن فلور ملز میر پور) ،صدیقی فلور ملز جاتلاں، پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال۔ |
| 8 | پاسکو زون بہاولنگر | بیس گودام اسلام آباد، یونائیٹڈ کشمیر فلور ملز روات، (بیس گودام میر پور/ منگلا فلور ملز میر پور/ نیو فائن فلور ملز میر پور) ،صدیقی فلور ملز جاتلاں، پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال۔ |
| 9 | پاسکو زون علی پور | بیس گودام اسلام آباد، یونائیٹڈ کشمیر فلور ملز روات، (بیس گودام میر پور/ منگلا فلور ملز میر پور/ نیو فائن فلور ملز میر پور) ،صدیقی فلور ملز جاتلاں، پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال۔ |
| 10 | پاسکو زون بورے والا | بیس گودام اسلام آباد، یونائیٹڈ کشمیر فلور ملز روات، (بیس گودام میر پور/ منگلا فلور ملز میر پور/ نیو فائن فلور ملز میر پور) ،صدیقی فلور ملز جاتلاں، پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال۔ |
| 11 | پاسکو زون ملتان/لودھراں | بیس گودام اسلام آباد، یونائیٹڈ کشمیر فلور ملز روات، (بیس گودام میر پور/ منگلا فلور ملز میر پور/ نیو فائن فلور ملز میر پور) ،صدیقی فلور ملز جاتلاں، پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال۔ |
| 12 | بیس گودام اسلام آباد | نیلم فلور ملز مظفر آباد ، گیلانی فلور ملز کوہالہ ، پونچھ فلور ملز ارجہ ( براستہ آزاد پتن )' پونچھ فلور ملز ارجہ براستہ ڈھلکوٹ ، جدید فلور ملز گوراہ ، سدوزئی فلور ملز آزاد پتن ، اتفاق فلور ملز سہنسہ |

متذکرہ بالا مقامات کیلئے مقررہ زر بیعانہ 2% بشکل کال ڈیپازٹ جس کی تفصیل نائب ناظم خوراک راولپنڈی سے دفتری اوقات کار میں حاصل کی جاسکتی ہے، کے ساتھ ٹینڈر سر بمہر لفافہ میں مورخہ 09 جون 2020ء بوقت 30-11 بجے دن تک نظامت خوراک D-151 نزد کمرشل مارکیٹ سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی کو موصول ہونے چاہئیں، جو اُسی روز ٹینڈر ز دہندگان یا ان کے مجاز نمائندگان کی موجودگی میں 00-12 بجے دن کھولے

**شرائط:**

1۔ متذکرہ ٹھیکہ جات کیلیئے صرف **"اے کلاس"** ٹھیکیداران ہی ٹینڈر دینے کے اہل ہونگے۔اس سلسلہ میں مفصل کوائف ٹینڈرز نظامت خوراک سے حاصل کئے جاسکتے ہیں جن پر کلیتاً عمل کرنا ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی۔

2- پاسکو زون ہا میں شامل سینٹرز کی تفصیل نظامت خوراک سے حاصل کی جاسکتی ہے' تاہم پاسکو کی جانب سے زون کے اندر نیا سینٹر بھی الاٹ کیا جاسکتا ہے۔ان میں سے جس سینٹر سے بھی گندم مختص ہوگی' اس کی ترسیل کامیاب ٹینڈر دہندہ کی ذمہ داری ہوگی۔

3۔ ٹھیکیدار کی جانب سے ٹینڈرز **"ایک مرحلہ ایک لفافہ"** کی بنیاد پر ہوں گے۔

4۔ محکمہ اپنی ضرورت کے مطابق اجناس کی ترسیل کے لئے پروگرام جاری کرے گا۔جس کے مطابق مطلوبہ مقدار کی ڈھلائی کامیاب ٹینڈر دھندہ کی ذمہ داری ہوگی۔عدم تعمیل کی صورت میں معائدہ کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

5۔ متذکرہ بالا ٹھیکہ کی معیاد اختتام مالی سال یعنی 30 جون 2021ء تک ہوگی۔تاہم اس ٹھیکہ میں توسیع نئے ٹھیکہ کے حتمی ہونے تک توسیع بھی کی جاسکتی ہے۔جس کے لئے ٹھیکیدار کو علیحدہ توسیع نامہ جاری کیا جائے گا۔

6۔ ٹھیکیداران کو متعلقہ ترسیلی مقام پر وزن کر کے بعد از اطمینان اجناس وصول کرنا اور منزل مقصود پر وزن کر کے ہی پورے سٹاکس مہیا کرنا ہوں گے۔اس میں ہر قسم کی کمی کی ذمہ داری ٹھیکیدار متعلقہ کی ہوگی۔جس کیلیئے اس کا کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کمی کو اس نے بہر صورت محکمہ کے فیصلہ کے مطابق پورا کرنا ہوگا۔

7۔ کامیاب ٹینڈر دھندگان کو گراس وزن (خالی بوری کا وزن شامل کرتے ہوئے) اسکے مطابق ڈھلائی چارجز کی ادائیگی جملہ مروجہ ٹیکسز کی وضعگی کے بعد عمل میں لائی جائیگی۔

8۔ ٹھیکہ کے عرصہ کے دوران ڈیزل/پٹرول کی قیمتوں میں ہونے والے اتار چڑھاو کی بنیاد پر منظور شدہ انراخ ڈھلائی میں کسی قسم کا کوئی مفاد نہیں دیا جائے گا۔

9۔ کامیاب ٹینڈر دھندگان کو فوری طور پر محکمہ کے ساتھ معائدہ نامہ کرنے کے ساتھ ساتھ ٹھیکہ کی مالیت کا دس فیصد بطور کارگزاری زرضمانت جمع کروانا ہوگی۔کارگزاری زرضمانت کی واگزاری/واپسی ٹھیکہ کی تکمیل پر متعلقہ ٹھیکیدار کی طرف سے عدم اعتراض سرٹیفکیٹس کی فراہمی پر ہوگی۔

10۔ افسر مجاز کو اختیار ہوگا کہ وہ آزاد جموں وکشمیر پیپرا (PPRA) رولز کے مطابق کسی ایک یا جملہ ٹینڈرز کو مسترد کردے۔

11- ہائی ویز اتھارٹیز و دیگر حکومتی اداروں کی جانب سے نافذ کردہ قوانین کی مکمل پاسداری کامیاب ٹینڈر دھندگان کی ذمہ داری ہوگی۔ایکسل وائز لوڈ پر پابندی پر عمل درآمد ہونے یا نہ ہونے، ہر دو صورتوں میں ٹھیکیداران کو غلہ کی ڈھلائی مکمل کرنا ہوگی۔اس لئے ٹینڈر دھندگان کو دونوں صورتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے انراخ پیش کرنا ہوں گے۔

**نوٹ:** **یہ اشتہار اخبارات کے علاوہ** آزاد جموں وکشمیر پیپرا (PPRA) کی ویب سائیٹ www.ajkppra.gov.pk پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

**( راجہ محمد نواز )**

**ناظم خوراک**

فون نمبر 051-9290625